Long-Term Care Home Update

Community Newsletter

Lakeridge Health

جون 2021

تاریخی چھ ماہ

ہم نئے طویل مدتی نگہداشت کے گھر کے تاریخی چھ ماہ منانے کے لیے بہت پرجوش ہیں ، جو کہ فی الحال ایجیکس پکرنگ اسپتال کے ساتھ ہی زیر تعمیر ہے۔ اس اہم سنگ میل کی نشاندہی کرنے کے لیے ہم پچھلے کچھ مہینوں میں ہونے والی ناقابل یقین پیشرفت کی عکاسی کر رہے ہیں۔

- **جولائی 2020:** گذشتہ جولائی میں ، اونٹیریو کی حکومت نے اعلان کیا کہ ایکسیلیریٹڈ بیلڈ پائلٹ پروگرام (Accelerated Build Pilot Program) کے حصے کے طور پر لیکرج بیلتھ ایجیکس پکرنگ ہسپتال (Lakeridge Health's Ajax Pickering Hospital) کی جگہ پر ایک نیا طویل مدتی نگہداشت کا گھر تعمیر کیا جائے گا۔ یہ پروگرام نئے گھر کو سالوں میں نہیں ، مہینوں میں تعمیر کرنے کے قابل بناتا ہے ، تاکہ روایتی تعمیر کے مقابلے میں ڈرہم ریجن میں انتہائی درکار 320 طویل مدتی نگہداشت کے بیڈ تیزی سے لائے جا سکیں۔

پریمیئر فورڈ نے لیکریج بیلتھ بورڈ آف ٹرسٹیز کے چیئر مین شیرون کاکرن ، وزیر پیٹر بیتلین فالو ، وزیر راڈ فلپس اور وزیر میریلی فولرٹن کے ساتھ ایجیکس میں نئی تعمیر کا اعلان کیا۔

- **جنوری 2021:** عملے نے سائٹ پر زمین کی کھدائی کی اور اس کی تعمیر کا باقاعدہ آغاز ہو گیا۔
- **فروری 2021:** جنوری اور فروری کے دوران تعمیراتی ٹیم نے اپنی کھدائی جاری رکھی ، بشمول عمارت کی بنیادوں کے لئے کنکریٹ ڈالنا اور افادئی عام کی خدمات کی تنصیب کے۔

9 فروری 2021 کو بنیاد کام

- **مارچ 2021:** دو کرینیں پہنچ گئیں ، تعمیراتی ٹیم نے زیریں منزل پر کنکریٹ ڈالنے کا کام ختم کیا ، اور پہلی منزل کی دیواریں کھڑی کردیں۔ لیکرج بیلتھ نے ایک خصوصی فیس بک لائیو ٹاؤن ہال کا بھی اہتمام کیا جہاں ڈرہم ریجن کے بہت سے رہائشیوں نے گھر میں واقعتا "واک تھرو (سرسری نظر) " میں شرکت کی۔
- **اپریل 2021 :** گھر کی پہلی منزل مکمل ہوئی۔
- **مئی 2021:** ماڈیولر عناصر (گھر کے کچھ حصے جو سائٹ سے الگ جگہ پر تعمیر ہوئے تھے) ایجیکس پہنچنا شروع ہوئے ، اور دونوں دوسری اور تیسری منزلیں پوری ہو گئیں۔
- **جون 2021:** چوتھی منزل مکمل ہونے کی راہ پر ہے اور تعمیراتی عملہ پانچویں منزل اور آخری چھٹی منزل پر کام شروع کرے گا۔

عملہ 19 جون 2021 کو چوتھی منزل پر کام کرتے ہوئے

موسم گرما کی تعمیراتی سرگرمیوں پر مستقبل کی ایک نظر

گرمیوں میں کاموں کے سلسلے میں متعدد اہم ترقیاتی تعمیرات جاری ہیں۔ اگلے ہفتوں اور مہینوں میں ، پی سی ایل کنسٹرکشن (PCL Construction) لفٹ کاریں لگائے گی ، گھر کی چھت اور فرش سازی شروع کردے گی ، اور گھر کے ایچ وی اے سی (HVAC) اور پاور یونٹوں کی تنصیب شروع کردے گی۔ کی جانے والی بہت سی سرگرمیوں کے ساتھ ، تعمیراتی جگہ اور اس کے آس پاس کام جاری رہے گا۔ عملہ شہریوں کے روز مرہ کے معمولات میں شور اور خلل کو کم سے کم کرنے کے لئے پرزور کوشش کر رہا ہے ۔

گھر کی تعمیر کے دوران ، یہ ضروری ہے کہ ہم آپ سے- اپنی برادری اور اپنے ہمسایوں سے براہ راست سنیں۔

اگر گھر کی تعمیر کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات یا خدشات ہیں تو ، براہ کرم **AjaxLTC@lh.ca** پر ای میل کریں یا کسی بھی وقت **905-576-8711 ext. 34167** پر کال کریں۔

ایجیکس پکرنگ ہسپتال اور کوویڈ 19 اسسمنٹ سینٹر پارکنگ میں تبدیلیاں

طویل مدتی نگہداشت والے گھر کی تعمیر میں اسپتال کے میدان میں نئے پارکنگ گیراج کی تعمیر بھی شامل ہے تاکہ نئے گھر اور ایجیکس پکیرنگ اسپتال دونوں کے عملہ ، مریض اور ملاقاتیوں کی گاڑیوں کی جگہ ہو سکے ۔ موجودہ سطحی پارکنگ لاٹوں کے حصے نئے پارکنگ گیراج کی تعمیر کے لئے مرحلہ وار بند ہوجائیں گے۔

جون میں شروع ہونے والے اسپتال کے جنوب آخر میں جنرل پبلک پیڈ پارکنگ (General Public Paid Parking) اور COVID-19 اسسمنٹ سینٹر پارکنگ تک جانے والے راستے تبدیل ہوجائیں گے۔ گاڑیاں شمال سے ہارووڈ ایوینیو ساؤتھ (Harwood Avenue South) کے راستے اسپتال کی اراضی میں داخل ہوتی رہیں گی اور موجودہ لوئر ایسٹ لاٹ میں نئے اخراجی متبادل راستوں کا استعمال کریں گی۔ ڈرائیوروں کو نئے راستوں پر سےجانے میں مدد کے لئے سائٹ پر واضح سمتیں اور اشارے دستیاب ہوں گے اور ہم اپنے ملاقاتیوں سے معذرت خواہ ہیں اگر اس کی وجہ سے کسی بھی قسم کی تکلیف پیدا ہو۔

ارٹسٹ کا ہسپتال اور طویل مدتی نگہداشت کے عملے ، رہائشیوں اور ملاقاتیوں کے لئے 500+ کار پارکنگ گیراج دکھانا

طویل مدتی نگہداشت کی تازہ ترین معلومات کے لیے ہماری رہائشیوں کی ای میل فہرست میں شامل ہوں

اپنے ای میل ان باکس میں براہ راست اپ ڈیٹس اور تقریبات کی دعوتیں وصول کرنا چاہتی/ چاہتے ہیں؟ اپنا نام اور ای میل ایڈریس ہماری ای میل **AjaxLTC@lh.ca.** پر بھیج کر فہرست میں شامل ہو جائیں۔

آپ ہماری ویب سائٹ **lakeridgehealth.on.ca.** ملاحظہ کر کے یا ٹویٹر اور فیس بک پر ہماری پیروی کرکے بھی تازہ ترین معلومات حاصل کر سکتی / سکتے ہیں۔